بلوچستان صوبائی اسمبلی

بروز سوموار مورخہ 14/ستمبر 2020ء

نشان زدہ سوالات اور انکے جوابات

(1) محکمہ صحت (2) محکمہ خزانہ (2) محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ

☆166 **جناب اصغر علی ترین رکن اسمبلی** نوٹس موصول ہونے کی تاریخ۔ **16.7.2019**

کیا وزیر صحت ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔ **8/اگست 2019 اور 21/فروری 2020 کو مؤخر شدہ**

سال 2012 تا 2018 کے دوران ضلع پشین میں انسداد پولیو مہم پر آمدہ اخراجات کی سال وار تفصیل دی جائے

وزیر صحت

سال 2012 تا 2018 کے دوراں ضلع پشین میں انسداد پولیو مہم پر آمدہ اخراجات کی سال وار تفصیل آخر پر منسلک ہے

☆223 **میر زابد علی ریکی رُکن اسمبلی** نوٹس موصول ہونے کی تاریخ۔ **9.10.2019**

کیا وزیر صحت ازراہ کرم مطلع فرماہیں گے کہ۔ **21/فروری 2020 کو مؤخر شدہ**

مالی سال ۲۰۔۲۰۱۹ کے بجٹ میں ضلع واشک کیلئے کل کسقدر آسامیاں تخلیق کی گئی ہیں ان کے نام اور گریڈ کی مراکز صحت وار تفصیل دی جائے نیز یہ آسامیاں کب تک پُر کی جائیں گی تفصیل بھی دی جائے۔

وزیر صحت

مالی سال 2019.20 کے بجٹ میں ضلع واشک کے لئے تخلیق کردہ آسامیوں کی تفصیل آخر پر منسلک ہے۔

☆267 **میر زابد علی ریکی رُکن اسمبلی** نوٹس موصول ہونے کی تاریخ۔ **16.1.2020**

کیا وزیر صحت از راہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

مالی سال ۲۰۔۲۰۱۹ کے بجٹ میں ضلعی ہیڈکوارٹر ہسپتال واشک کیلئے ادویات کی مد میں کس قدر رقم مختص کی گئی نیز مختص کردہ رقم میں سے جولائی 2019 تا تاحال جاری کردہ رقم کی تفصیل بھی دی جائے۔

وزیر صحت

اس ضمن میں تحریر ہے کہ واشک ایک نیا ضلع ہے اور ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال اور دیگر ضلعی دفاتر زیر تعمیر ہیں جب ہسپتال کی تعمیر کا کام مکمل ہوگا تو ڈاکٹر، دیگر عملہ اور ادویات کا بجٹ مہیا کیا جائے گا۔

2۔ بسیمہ ضلع واشک کا بڑا شہر ہونے کی وجہ سے حکومت کی خاص توجہ کا مرکز ہے جس میں دوائی کی وافر مقدار اور عملہ تعیناتی بھی شامل ہے۔اس سال پچاس لاکھ روپے کی ادویات سول ہسپتال بسیمہ کو مہیا کی گئی ہے۔

☆264 **جناب اختر حُسین لانگو رُکن اسمبلی** نوٹس موصول ہونے کی تاریخ۔ **31.12.2019**

کیا وزیر صحت از راہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔ **21 فروری 2020 کو مؤخر شدہ**

(الف) کیا یہ درست ہے کہ صوبائی سنڈیمن ہسپتال اور بولان میڈیکل یونیورسٹی میں میڈیکل ویسٹ/فضلہ کی نیلامی کی جاتی ہے نیز کیا یہ بھی درست ہے کہ میڈیکل ویسٹ/فضلہ کو تلف کرنے کی غرض سے قائم کردہ ویسٹ پلانٹ بھی تاحال غیر فعال ہے۔

(ب) اگر جزو الف کا جواب اثبات میں ہے تو تفصیل دی جائے۔

وزیر صحت

اس ضمن میں تحریر ہے کہ حکومت بلوچستان محکمہ صحت نے سول ہسپتال کیلئے ویسٹ/فضلات کی مشینری بتوسط گورنمنٹ میڈیکل اسٹور ڈپو بلوچستان خریدی ہے اس میں ایک عدد سول ہسپتال میں لگائی جاتی تھی جس کو ادارہ ماحولیات نے مریضوں کے بہبود اور بہتری کی غرض سے ہسپتال کے احاطے میں لگانے سے منع کیا ہے۔

اور بولان میڈیکل کالج کمپلیکس ہسپتال کے پچھلے احاطے میں نصب کیا ہے جو کہ ٹھیکیدار کو ایک سال کے ٹھیکہ پر دیا گیا ہے اور اس کے فضلہ جات کو نیلام نہیں کیا گیا ہے۔اور نہ ہی نیلام کرنے کا ارادہ ہے۔

☆216 **میر زابد علی ریکی رُکن اسمبلی** نوٹس موصول ہونے کی تاریخ۔ **5.3.2020**

کیا وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ از راہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

ضلع واشک میں شمسی توانائی اور ڈیزل انجن کے ذریعے عوام کو پینے کا صاف پانی فراہم کرنے والے واٹر سپلائی اسکیمات کی کل تعداد کتنی ہے تفصیل دی جائے نیز ڈیزل انجنز پر چلنے والے اسکیمات پر آمدہ اخراجات کی ماہ و سال وار تفصیل بھی دی جائے۔

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ

ضلع واشک میں محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے زیر بندوبست ڈیزل سے چلنے والے اسکیمات کی تعداد 10 ہے اور شمسی سے چلنے والے اسکیمات 3 ہے۔

ڈیزل سے چلنے والے اسکیمات کی تفصیل ذیل ہے۔

نمبر 1۔ واٹر سپلائی اسکیم واشک ٹاؤن بور نمبر 1

نمبر 2۔ واٹر سپلائی اسکیم واشک ٹاؤن بور نمبر 2

نمبر 3۔ واٹر سپلائی اسکیم واشک ٹاؤن بور نمبر 3

نمبر 4۔ واٹر سپلائی اسکیم سولدان

نمبر 5۔ واٹر سپلائی اسکیم شنگر

نمبر 6۔ واٹر سپلائی اسکیم شاہوگڑی

نمبر 7۔ واٹر سپلائی اسکیم اولڈ جنگیان

نمبر 8۔ واٹر سپلائی اسکیم نکو

نمبر 9۔ واٹر سپلائی اسکیم اڈو

نمبر 10۔ واٹر سپلائی اسکیم نیو جنگیان

محکمانہ بندوبستی اسکیمات پر سالانہ اخراجات 5.200 ملین ہے اور ماہانہ 0.433 ملین ہے۔

☆297 جنابِ نصراللہ خان زیرے رُکن اسمبلی نوٹس موصول ہونے کی تاریخ۔**18.8.2020**

کیا وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

مانگی ڈیم پر تا حال کس قدر فیصد کام ہو چکا ہے تفصیل دی جائے۔

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ

جواب موصول نہیں ہوا

کوئٹہ

مورخہ۔11/ستمبر 2019

سیکرٹری

بلوچستان صوبائی اسمبلی